Press Release پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی' حیدرآباد 032 500۔تلنگانہ
فون:۔040-23006606' 23006612-15 (104)' فیکس:23006606' ای میل:۔manuupro1@yahoo.com' ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

31/اگست 2018

ہندوستان عصر حاضر کے تعلیمی انقلاب کی دہلیز پر کھڑا ہے

اردو یونیورسٹی میں اوپن آن لائین کورسز پلیٹ فارم ''سویم'' پر یو جی سی کا ورک شاپ۔نوین متل اور پنکج متل کی مخاطبت

حیدرآباد، 31اگست (پریس نوٹ) اس وقت ہندوستان میں تعلیم و تدریس کا شعبہ انقلابی تبدیلیوں سے گزر رہا ہے اور ہم اس وقت تعلیمی انقلاب کی دہلیز پر کھڑے ہیں۔طریقہ تعلیم میں ترسیلی و معلوماتی تکنالوجی کے استعمال نے تعلیم کی رسائی میں غیر معمولی وسعت پیدا کردی ہے۔ان خیالات کا اظہار جناب نوین متل، کمشنر آف کالجیٹ ایجوکیشن وٹیکنیکل ایجوکیشن، حکومت تلنگانہ نے آج ''سویم'' پلیٹ فارم پر موجود وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) کے لیے کے موضوع پر یو جی سی کی جانب سے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں منعقدہ ایک ورکشاپ کے افتتاحی خطاب کے دوران کیا۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ایک صدی کے دوران زندگی کے دوسرے میدانوں جیسے طب، مواصلات، حمل و نقل وغیر میں غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہوچکی ہیں۔لیکن کمرہ جماعت کی تدریس میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوئی تھی ٹیچر، طلبا اور بلاک بورڈ پر مشتمل کلاس روم آج بھی کم وبیش اسی کیفیت میں دکھائی دیتے ہیں۔لیکن ترسیلی تکنالوجی کی آمد کے بعد پچھلے چند برسوں سے تعلیم و تدریس کے شعبہ میں بھی غیر معمولی تبدیلیاں واقع ہورہی ہیں۔اور یہ بڑی خوش آئند بات ہے۔تعلیم و تدریس کے نئے نئے طریقہ کار اور حکمت عملیاں وضع کی جارہی ہیں۔یو جی سی کی جانب سے ''سویم'' پلیٹ فارم پر فراہم کردہ وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) بھی اسی نوعیت کا اقدام ہے۔جس میں ایک طالب علم کہیں بھی رہ کر اور کسی بھی وقت اپنی دل چسپی کا کوئی بھی کورس پڑھ سکتا ہے اور اس کی سند بھی حاصل کرسکتا ہے۔آج کا ورک شاپ انہی کورسز سے متعلق یونیورسٹی و کالج کے اساتذہ کی تربیت کے لیے منعقد کیا گیا ہے۔قبل ازیں آج صبح دس بجے جناب نوین متل نے شمع جلا کر ورکشاپ کا باقاعدہ افتتاح کیا۔اس موقع پر یو جی سی کی ایڈیشنل سکریٹری محترمہ ڈاکٹر پنکج متل نے اپنے خطاب میں یو جی سی کے وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) اور اس کے آن لائین پلیٹ فارم SWAYAM کا تفصیلی تعارف پیش کیا۔انہوں نے بتایا کہ کالج کی سطح تک کے طلبا میں اس کی معلومات پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ طلبا اس سے استفادہ کرسکیں۔انہوں نے پاور پائنٹ کے ذریعہ سویم پلیٹ فارم سے استفادہ کے مختلف مراحل کی تفصیل بتائی۔پروفیسر شکیل احمد، نائب شیخ الجامعہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں تمام مہمانوں اور شرکائے ورکشاپ کا خیر مقدم کیا اور اس بات پر یو جی سی کے ارباب مجاز کا شکریہ ادا کیا کہ اس اہم ورکشاپ کے لیے انہوں نے ہماری یونیورسٹی کا انتخاب کیا ہے۔جناب پرمیشورن این، مشیر وزارت فروغ انسانی وسائل نے سویم پلیٹ فارم کے ذریعے وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) کے فروغ اور اس کی تشہیر کے طریقہ کار پر روشنی ڈالی جب جناب ابھیشیک کمار اور محترمہ پنکج متل نے وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) کی تیاری کے طریقہ کار سے شرکا کو واقف کروایا۔ورکشاپ میں شرکا کے لیے سوالات کا بھی کافی موقع رکھا گیا جس سے استفادہ کرتے ہوئے شرکا نے ان کی عملی دشواریوں اور مسائل پر سیر حاصل گفتگو کی۔اس موقع پر وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) سے متعلق مختصر ڈاکیومنٹری فلم کی بھی نمائش کی گئی۔ورکشاپ میں ریاست تلنگانہ، آندھرا پردیش، ٹمل ناڈو، پوڈوچیری اور انڈمان نکوبار کی یونیورسٹیوں و کالجوں سے وائس چانسلرس، پرنسپلس اور وسیع اوپن آن لائین کورسز (MOOCs) کو آرڈی نیٹرس اور دیگر اساتذہ کی کثیر تعداد شریک تھی۔

☆☆ صبح 9:30 بجے محترمہ ڈاکٹر پنکج متل، ایڈیشنل سکریٹری، یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) نے آج مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں گلزار گرلز ہاسٹل کی عمودی توسیع کا افتتاح کیا۔اس موقع پر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر؛ پروفیسر شکیل احمد، پرووائس چانسلر؛ ڈاکٹر ایم اے سکندر، رجسٹرار؛ پروفیسر شگفتہ شاہین، صدر نشین گرلز ہاسٹلس، ڈاکٹر عرشیہ اعظم، پرووسٹ؛ گرلز ہاسٹلس کے تمام وارڈنس کے علاوہ پروفیسر شادہ، ڈین اسکول آف آرٹس اینڈ سوشل سائنس، پروفیسر رویندر ناتھ، ڈین تعلیمات، ڈاکٹر کے پی سنگھ، ڈائرکٹر (کوآرڈنیشن)، دہلی، جناب این این ایس ایس راؤ، چیف انجینئر ایس زیڈ-II، سی پی ڈبلیوڈی بھی موجود تھے۔

عابد عبدالواسع
پبلک ریلیشنز آفیسر

نوٹ:۔ خبر اور تصاویر ای میل سے بھیجی جارہی ہیں۔

Inauguration of vertical extension of Gulzar girls hostel. Dr. (Ms.) Pankaj Mittal, DrInauguration of vertical extension of Gulzar girls hostel. Dr. (Ms.) Pankaj Mittal, Dr. Aslam Parvaiz, Prof. Shakeel Ahmad, Dr. M.A. Sikandar, Prof. Saneem Fatima, Dr. Arshia Azam and other are also seen.. Aslam Parvaiz, Prof. Shakeel Ahmad, Dr. M.A. Sikandar, Prof. Saneem Fatima, Dr. Arshia Azam and other are also seen.

Dr. (Ms.) Pankaj Mittal addressing the workshop. Mr. Navin Mittal, Prof. Shakeel Ahmad and others are also